1989ء سے مسلسل اشاعت | 9 تا 15 جون 2023 | شمارہ نمبر 24 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

FAIR TRADE (Pvt) Limted

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010 · Brands of the year Award 2010 · Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG

بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on Golden Coin Pindo Art Card. 190 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

# tjiwi kimia paper products

www.tjikimia.co.id

## PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER

- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER

- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER

- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eX EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eX pplus EXTRAPRINT · eX srw EXTRAPRINT



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER

- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS

- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS

- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

# BIKIYA PAPER MART

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

**CONTACT**

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**CONTACT**

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک ◆ قیمت 100 روپے

# پیپر بزنس

**پبلشرز: حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،

بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

**چارجز: (سالانہ)**

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

IBAN No: PK72SUMB025602714112960

# بازار رات 8 بجے بند ہونگے، قومی اقتصادی کونسل نے منظوری دیدی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ قومی اقتصادی کونسل (این ای سی) نے آئندہ مالی سال کے لئے 2709 ارب روپے کے مجموعی سالانہ ترقیاتی پروگرام (اے ڈی پی) کی تجویز جبکہ ملک بھر میں دکانیں رات 8 بجے بند کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے' توانائی بچت کے ذریعے سالانہ ایک ارب ڈالر کی بچت ہوگی' معاشی استحکام کے لئے وزارت منصوبہ بندی نے 5-ایز (Es) فریم ورک وضع کیا ہے جس کے تحت برآمدات کے فروغ، ای (ڈیجیٹل) پاکستان کی ترقی، ماحولیات، توانائی اور مساویانہ پاکستان پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ منگل کو قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس کے بعد میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام 2023/24 کے تحت 1,150 ارب روپے اور صوبے 1,559 ارب روپے خرچ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر بڑھتی قیمتوں کی وجہ سے توانائی پاکستان کے لئے ایک بہت بڑا چیلنج بن گیا ہے۔ سعودی عرب نے ایک بار پھر 10 لاکھ بیرل یومیہ پیداوار کم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کی وجہ سے خطرہ ہے کہ سال کے آخر تک تیل کی قیمتیں ایک بار پھر 100 ڈالر فی بیرل تک پہنچ سکتی ہیں۔ اگر ہم فیوسل فول اور تیل پر انحصار کریں گے تو ہماری معیشت اسی طرح خطرات میں گھری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایک اقدام یہ ہے کہ ہم توانائی کی بچت کریں اور اس کے لیے کابینہ نے پیکیج منظور کیا تھا کہ انرجی کو بچانے کے لئے دکانوں اور کمرشل سینٹرز کو رات 8 بجے بند ہونا چاہیے، اسی طرح جو لائٹس ہیں، جو پرانے بلب ہیں، ان کو ختم کرکے ایل ای ڈی لائٹس کا استعمال کیا جائے۔ اسی طرح جو گیزرز ہیں، ان کی صلاحیت کو بڑھایا جائے، یہ وہ اقدامات ہیں جن کے ذریعے ہم سالانہ ایک ارب ڈالر کی بچت کرسکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ امریکا اور یورپ ہم سے بہت زیادہ خوشحال ہیں، ہم سے بہت زیادہ امیر ہیں، وہ بھی دس دس، گیارہ گیارہ، بارہ، بارہ بجے تک کمرشل ایریا کھولنے کی عیاشی برداشت نہیں کرسکتے۔

## تاجروں نے مارکیٹیں رات 8 بجے بند کرنے کا حکومتی فیصلہ مسترد کردیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) تاجروں نے وفاقی حکومت کی جانب سے توانائی بچت پلان کے تحت رات 8 بجے مارکیٹیں بند کرنے کا فیصلہ مسترد کردیا ہے۔ آل پاکستان انجمن تاجران نے حکومتی فیصلے پر ردعمل دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت 8 بجے دکانیں بند کرنے کا فیصلہ واپس لے۔ صدر آل پاکستان انجمن تاجران اجمل بلوچ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ گرمی میں دکانیں رات 8 بجے کسی صورت بند نہیں کریں گے۔ ہر حکومت دکانیں رات 8 بجے بند کرنے کی ناکام پریکٹس کرچکی ہے۔ گرمی کے موسم میں دن میں کوئی خریداری نہیں ہوتی۔ خریداری صرف رات 8 بجے سے رات 11 بجے تک ہوتی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ تاجر ملک میں سب سے زیادہ مہنگی بجلی خریدتا ہے کہاں کی عقل مندی ہے توانائی بچانے کی خاطر معاشی پہیہ روکا جارہا ہے۔ حکومت توانائی بچانے کے لیے مفت میں چلنے والی بجلی بند کرے اور حکمران اپنے ائیر کنڈیشن بند کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہر گھر کا پنکھا چلے گا۔ بدقسمتی کی انتہا ہے۔ توانائی بچانے کی بات یا وزیر دفاع کرتا ہے یا وزیر منصوبہ بندی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر توانائی کو چاہیے تاجر نمائندوں کے ساتھ بیٹھ کر بات کریں۔

## بلوچستان حکومت نے گوادر کو ٹیکس فری زون قرار دے دیا

کوئٹہ (بزنس ڈیسک) بلوچستان کی صوبائی حکومت نے گوادر کو ٹیکس فری زون قرار دے دیا ہے جس کا مطلب ہے کہ اب سے صوبائی حکومت کی جانب سے لگائے گئے تمام ٹیکس واپس لے لیے جائیں گے۔ گوادر پاکستان چین اقتصادی راہداری کی سب سے اسٹریٹجک بندرگاہ رکھتا ہے اور اسے پاکستان کا مستقبل کا تجارتی مرکز کہا جاتا ہے۔ صوبائی حکومت کے مطابق سروسز پر کوئی ٹیکس نہیں ہوگا، اب ایکسائز ٹیکس لاگو نہیں ہوگا اور گوادر میں پراپرٹی ٹرانسفر ٹیکس واپس لے لیا جائے گا۔ بلوچستان حکومت نے وفاقی حکومت سے بھی درخواست کی ہے کہ گوادر ضلع کو خصوصی اقتصادی ضلع کے طور پر نامزد کیا جائے اور گوادر کو ٹیکس فری زون/ضلع قرار دیا جائے۔ سینیٹر کہدہ بابر نے ٹیکس فری زون کے حوالے سے فیصلے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس انقلابی اقدام پر وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو اور کابینہ کے مقروض ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبائی کابینہ نے گوادر کو ٹیکس فری زون کا درجہ دے کر دیرینہ مطالبہ مان لیا ہے۔ کہدہ بابر نے کہا کہ وفاقی حکومت بھی ٹیکس کم کرے۔ گوادر ٹیکس فری زون سی پیک کو بحال کرنے میں کافی حد تک مدد کرے گا اور اس طرح کی ترغیبات بڑی مقدار میں سرمایہ کاری کو راغب کریں گے۔ انہوں نے پورٹ سٹی دبئی اور سنگاپور کی مثالوں کا بھی ذکر کیا کہ وہ بھی ٹیکس فری زون تھے جو ان کی ترقی کی بنیادی وجہ ہے۔ گوادر میں صنعتوں کے فروغ سے ہزاروں لوگوں کو روزگار ملے گا اور زرمبادلہ حاصل ہوگا۔

### سدرن زون کی عید ملن تقریب کا انعقاد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی سالانہ روایتی عید ملن تقریب مقامی بینکوئٹ میں منگل 6 جون کو منعقد ہوئی۔ جس میں ممتاز بینکرز، پرنٹرز، پبلشرز، پیپر مرچنٹس کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے محمد سلیم بیکیا نے خطاب کیا۔

(عید ملن کی رنگین تصاویر آئندہ شمارے میں ملاحظہ فرمائیں)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# روس، افغانستان اور ایران کو بارٹر ٹریڈ کے تحت پلپ، پیپر اور پرنٹڈ اشیا کی درآمد کی اجازت

## امپورٹ ایکسپورٹ پالیسیز میں ترامیم کردی گئی طریقہ کار وزارت تجارت نے ایس آر او 246 کے ذریعے جاری کردیا

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) وزارت تجارت حکومت پاکستان نے ایک ایس آر او نمبر 642(I)2023 مورخہ یکم جون جاری کیا ہے جس کے تحت روس، ایران اور افغانستان سے مال کے بدلے مال (بارٹر) تجارت کے طریقہ کار کا اعلان کیا گیا ہے۔۔سرکاری ملکیتی اور نجی ادارے اشیاء کے بدلے اشیاء کی تجارت کرسکیں گے۔پاک، ایران، روس تجارت کے حوالے سے بڑی پیشرفت ہوگئی، حکومت نے پاک ایران، پاک روس بارڈر تجارت کی اجازت دے دی۔جس سے ان ممالک سے تجارت کے لئے ڈالر پر انحصار میں کمی ہوگی اور اس پر دباؤ کم ہوگا۔ایس آر او کے مطابق سرکاری ملکیتی اور نجی ادارے اشیاء کے بدلے اشیاء کی تجارت کرسکیں گے تاہم نجی اداروں کا ایف بی آر کی ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ میں ہونا ضروری ہوگا۔اس کے علاوہ انہیں پاکستان سنگل ونڈو سسٹم اور امپورٹ ایکسپورٹ کا لائسنس بھی حاصل کرنا ہوگا۔اشیاء کی تجارت کیلئے ایف بی آر کے آن لائن پورٹل کے ذریعے درخواستیں وصول کی جائیں گی۔اشیاء کی تجارت کیلئے متعلقہ ملک میں پاکستانی مشن سے تصدیق بھی لازمی قرار دی گئی ہے۔وزارت تجارت کے مطابق پاکستان سے دودھ، کریم، انڈے، سیریل ، گوشت، مچھلی کی مصنوعات، پھل، سبزیاں، چاول، بیکری آئٹمز، نمک، آئل، پرفیوم اور کاسمیٹکس، کیمیکل، پلاسٹک، ربڑ، چمڑا، لکڑی کی مصنوعات ، پیپر (84) 4703 اور 4707 پرنڈ اشیا (49)، فٹ ویئر، لوہا، اسٹیل، تانبا، ایلومینئم، کٹلری پاکستان الیکٹرک فین، ہوم ایمپلائنسز، موٹر سائیکلز بھی پاکستان کی برآمدی فہرست میں شامل ہیں۔روس سے بارٹر سسٹم کے تحت گندم، دالیں، پیٹرولیم مصنوعات ،ٹیکسٹائل مشینری درآمد کی جاسکے گی، وزارت تجارت نے ہمسایہ ملکوں سے آئل سیڈز، منرل، کاٹن بھی درآمد کی اجازت دی ہے، افغانستان اور ایران سے پھل سبزیاں، مصالحے، خشک میوہ جات درآمد کئے جاسکیں گے۔

### پاکستان سے روس، ایران اور افغانستان کو برآمد کی جانے والی اشیا کی فہرست

| Sr. No | Commodity Description | PCT Codes |
|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) |
| 1 | Milk, Cream, Eggs and Cereals | 0401, 0407, 1103, 1104, & 1108 |
| 2 | Meat and Fish products | Ch. 02, 03 and 16 |
| 3 | Fruits and Vegetable | Ch. 07 (except 0713), 08 |
| 4 | Rice | 1006 |
| 5 | Confectionary and Bakery items | 1702, 1703, 1704, 1806, 1901, 1902, 1904, 1905 |
| 6 | Salt | 2501 |
| 7 | Pharmaceutical products | Ch. 30 |
| 8 | Essential Oils, Perfumes, Cosmetics, Toiletries, Soaps, Lubricants, Waxes and Matches | Ch. 33, 34 and 3605 |
| 9 | Tanning, Dying Extracts and Misc. Chemicals products | Ch. 32 and 38 |
| 10 | Plastics and Rubber Articles | Ch. 39, and 4011 - 4015 |
| 11 | Finished Leather & Leather Apparel | 4112, 4113, 4114, 4115 and Ch. 42 |
| 12 | Articles of Wood | 4409-20, 4601, 4602,4703 |
| 13 | Articles of Paper & Paper Board | 4703, 4707, and Ch. 48 and 49 |
| 14 | Textiles (Intermediates) | 5208, 5209, 5210, 5212, 5310, 5407, 5513, 5514, 5903, 5910, & 6006 |
| 15 | Readymade Garments, Textile's Made-ups and Carpets | Ch. 61, 62, 63 & 57 |
| 16 | Footwear | Ch. 64 |
| 17 | Iron and Steel | Ch. 72 and 73 |
| 18 | Copper and Articles thereof | Ch. 74 |
| 19 | Aluminium and articles thereof | 7612 & 7615 |
| 20 | Tool and Cutlery | 8205-15 |
| 21 | Electric Fans and Home Appliances | 8414, 8415, 8418, 8422, 8450 |
| 22 | Electrical equipment | Ch. 85 |
| 23 | Motorcycles and Tractors- excluding components. | 8711 & 8701 |
| 24 | Surgical Instruments | 9018 |
| 25 | Furniture Items | 9401, 9403 |
| 26 | Sports Goods | 9506, 9507 |



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# جنوری-مارچ: انڈونیشین اور چائنا اسٹیکرز کی قیمتوں میں تین ہزار فی پیکٹ کا اضافہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2022 کی آخری سہ ماہی اکتوبر۔ دسمبر میں اسٹیکر پیپر کی پانچ برانڈ ویری ٹیک، ایکنا، یونگی، پاورٹیک اور پرائم اسٹیکر کی قیمتوں پر مکمل جمود طاری تھا اور اکتوبر دسمبر کے دوران پرائم اور یونگی کا مارکیٹ سے اسٹاک ختم ہوگیا تھا۔ اس دوران دیگر مختلف برانڈز میں 50 تا 150 روپے فی پیکٹ کا اضافہ ہوا تھا لیکن اگلی سہ ماہی جنوری۔ مارچ 2023 میں قیمتوں میں زبردست تیزی رہی اوران میں 100 فیصد اضافہ ہوا۔ ویری ٹیک کا اسٹاک ختم ہو گیا۔ یونگی میں 2750 روپے، ایکنا میں 2950 روپے، گولڈن ٹیک جی ایس ایف میں 2550 روپے، پاور ٹیک میں 2700 روپے، وائی ایم سی میں 3350 روپے، نیکسز پرو میں 2450 اور لیبل ٹیک میں 2800 روپے کا اضافہ ہوا۔ جو 6300 روپے فی پیکٹ تک پہنچ گئیں۔ دسمبر میں 3000 روپے سے کم پر فروخت ہونے والے اسٹیکر کی مختلف برانڈز مارچ 2023 میں 5400 تا 6100 کے درمیان پہنچ گئیں، اس طرح اس سہ ماہی میں قیمتوں میں ریکارڈ 100 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا۔ ذیل میں جنوری۔ مارچ کے دوران قیمتوں کی تفصیل دی گئی ہے۔

## Prices Trend in January-March-2023 (Per Packet Rates)

## Imported **STICKER PAPER Indonesia** and **China**

| Veritec | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size Ultra | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| 20 x 30 | 4400 | 4400 | 4100 | 4100 | 4900 | 4900 | 4900 | 4900 | 4900 | 4900 | 4900 | NA | NA | ( + 500 ) |

| Yongyi | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| 20 x 30 | NA | NA | 3350 | 3350 | 3600 | 4000 | 5300 | 6200 | 5600 | 5800 | 6400 | 6100 | 6100 | ( + 2750 ) |

| AQNA | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| 20 x 30 | 3850 | 3900 | 4000 | 4000 | 4100 | 5200 | 6000 | 6000 | 6300 | 6300 | 6300 | 6800 | 6800 | ( + 2950 ) |

| Golden Tac gsf | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| 20 x 30 | 3000 | 3350 | 3350 | 3450 | 3500 | 3700 | 5300 | 6200 | 5600 | 5600 | 6300 | 6200 | 5500 | ( + 2550 ) |

| Power Tec | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| 20 x 30 | 2800 | 3300 | 3300 | NA | NA | 4000 | NA | NA | NA | 5500 | 6000 | 6000 | 5500 | ( + 2700 ) |

| Y M C | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| 20 x 30 | 2950 | 3300 | 3300 | 3400 | 3600 | 4000 | 5300 | 6100 | 5600 | 5600 | 6300 | 6300 | 6300 | ( + 3350 ) |

| Nexes Pro | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| 20 x 30 | 2950 | 3300 | 3300 | 3400 | 3450 | 3450 | 5300 | 6200 | 5500 | 5500 | 6000 | 6200 | 5400 | ( + 2450 ) |

| Label Tac | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| 20 x 30 | 3000 | 3350 | 3400 | 3500 | 3800 | 4200 | 5500 | 6300 | 6100 | 6500 | 6500 | 6400 | 5800 | ( + 2800 ) |



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

SP
SALMAN PAPER PRODUCTS (Pvt.) Ltd.

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# بلیچ بورڈ، فوٹو کاپی پیپر اور آرٹ پیپر کی قیمتوں میں کمی، اسٹیکر اور پنڈو کارڈ میں اضافہ، مقامی آفسیٹ اور کاربن لیس میں کمی بیشی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی کے ساتھ کچھ تیزی دیکھی گئی اور 7 جون 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، اسٹیکر پیپر کے مختلف برانڈز اور آئی کے ریل کٹ کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، چینمنگ اور ایلی کنگ پرو، نیویا آرٹ پیپر اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ مزید کاربن لیس پیپر اور مقامی آفسیٹ پیپر میں کمی بیشی دیکھنے میں آئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئنز انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 500 روپے سے بڑھ کر 550 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 90_100_105_113_ 128 اور 150 گرام، 595 روپے سے کم ہو کر 590 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80_90_100_105_113_ 128 اور 150 گرام، 595 روپے سے کم ہوکر 590 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 4800 روپے سے بڑھ کر 5500 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز، 9700 روپے سے کم ہوکر 9400 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ رائزنگ سن 24x34 سائز 9700، روپے سے کم ہو کر 9400 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 408 روپے سے کم ہوکر 398 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 410 روپے سے کم ہوکر 395 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ ایلی کنگ پرو چائنا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 410 روپے سے کم ہوکر 405 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ آئی کے 035 مشین/ریل کٹ 75، 70 اور 80 گرام، 550 روپے سے بڑھ کر 560 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 68 گرام 305 روپے سے بڑھکر 310 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 68 گرام، 310 روپے سے بڑھ کر 315 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر سپریم مل تمام سائز 52 گرام، 230 روپے سے کم ہوکر 210 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ٹاپ رائٹر تمام سائز 60 اور 68 گرام، 290 روپے سے کم ہو کر 275 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 1300 روپے سے کم ہو کر 1280 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 1300 روپے سے کم ہوکر 1280 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام 1600، روپے سے کم ہوکر 1575 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 65 گرام 1350، روپے سے کم ہوکر 1250 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام 1350، روپے سے کم ہوکر 1300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 _ 70 گرام، 1550 روپے سے کم ہوکر 1500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13.5_ 70 گرام 1600، روپے سے کم ہو کر 1550 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1310 روپے سے کم ہوکر 1265 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 4100 روپے سے بڑھ کر 4300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز 4100، روپے سے بڑھ کر 4200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 4200 روپے سے کم ہوکر 4150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 4100 روپے سے بڑھ کر 4150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لنٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز، 8300 روپے سے بڑھ کر 8900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## اوپن مارکیٹ میں ڈالر 5 روپے سستا، انٹربینک میں 37 پیسے مہنگا

کراچی (بزنس ڈیسک) زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں منگل 6 جون کو ڈالر کی صورتحال ایک دوسرے سے مختلف رہی، انٹربینک میں ڈالر کی قدر میں محدود اضافہ جبکہ اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں کمی دیکھی گئی۔ وزیراعظم کی جانب سے جون میں آئی ایم ایف پروگرام ہونے کے دعوے کے بعد اچھی قیمتوں کے خواہشمندوں کی جانب سے فروخت بڑھنے سے اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی سپلائی قدرے بہتر ہوئی جس کے نتیجے ڈالر کے اوپن ریٹ یکدم 5 روپے کی کمی سے 303 روپے کی سطح پر بند ہوئے، اسکے برعکس انٹربینک مارکیٹ ڈالر کی قدر 37 پیسے کے اضافے سے 286.56 روپے پر بند ہوئی۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ جون میں پاکستان کو 3.7 ارب ڈالر کی ادائیگیاں کرنی ہیں جس میں سے ایک تا دو ارب ڈالر کے قرضے چین نے رول اوور کرنے کا عندیہ دیا ہوا جو تا حال نہیں ہوسکا ہے جبکہ ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی کا تسلسل جاری ہے اور گزرتے وقت کے ساتھ انٹربینک پر ادائیگیوں کا دباؤ بڑھتا جا رہا ہے جس کی وجہ سے ڈالر کے انٹربینک ریٹ بتدریج بڑھتے جا رہے ہیں۔

## کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں کی تجدید نو

کراچی (نیوز ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے پاکستان میں کام کرنے والی دو کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں ''وی آئی ایس کریڈٹ ریٹنگ کمپنی لمیٹڈ (وی آئی ایس)'' اور ''پاکستان کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی لمیٹڈ (پاکرا)'' کی اہل/تسلیم شدہ بیرونی قرضہ جانچ کے اداروں (ای سی اے آئی) کے طور پر 31 دسمبر 2023ء تک کے لیے تجدیدِ نو کردی ہے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# وزیراعظم آئی ایم ایف کی شرائط کے مطابق آئندہ بجٹ کے خواہاں

اسلام آباد(نیوز ڈیسک)وزیراعظم شہباز شریف نے وزارت خزانہ سے کہا ہے کہ وہ آئندہ بجٹ میں یقینی بنائیں کہ آئی ایم ایف کے طے شدہ معیارات کی کوئی خلاف ورزی نہ ہونے پائے۔ایک باخبر ذریعے نے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر خزانہ اسحٰق ڈار کے مابین ہونے والی ملاقات کے بارے میں بتایا ہے کہ اس حوالے سے امید پائی جاتی ہے کہ حکومت آئی ایم ایف سے ایک سمجھوتے پر پہنچ جائے گی۔حکومت کی جانب سے عمومی انتخابی سال کے لیے پاپولر بجٹ دینے کی میڈیا رپورٹس کے برعکس ذرائع کے مطابق ”پاکستان کوئی ایسا بجٹ افورڈ نہیں کرسکتا جس میں آئی ایم ایف کی طے کردہ بنیادی باتوں کی خلاف ورزی کی گئی ہو۔ذرائع نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی کے حوالے سے خاصے پرامید ہیں کیونکہ ان کی ایک ہفتہ قبل آئی ایم ایف کے مینیجنگ ڈائریکٹر کے ساتھ طویل ٹیلی فونک گفتگو ہوئی تھی۔وزیراعظم شہباز شریف نے مینیجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جیارجیوا سے رابطے میں 6.5ارب ڈالر کے بیل آوٹ پیکج کے پٹڑی سے اترے ہوئے پیکج کی بحالی کی بات کی تھی۔

دونوں رہنماؤں کے مابین ہونے والی یہ گفتگو وزارت خزانہ کی جانب سے گزشتہ چار ماہ کے دوران مذاکرات میں تعطل دور کرنے میں ناکامی کے بعد ہوئی تھی۔ذرائع کے مطابق وزیراعظم آئی ایم ایف کی ایم ڈی سے گفتگو سے خاصے مطمئن تھے۔اسی میٹنگ میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ پاکستان آئی ایم ایف سے بجٹ کی تفصیلات شیئر کرے گا۔آئی ایم ایف کی ایم ڈی نے وزیراعظم کو پروگرام کی بحالی کا اشارہ بھی دیا۔اسی وجہ سے وزیراعظم شہباز شریف نے ترک میڈیا کو بتایا کہ پاکستان رواں ماہ میں آئی ایم ایف سے ڈیل طے پاجانے کے حوالے سے پرامید ہے۔وزیراعظم نے انقرہ میں طیب اردگان کی تقریب حلف برداری میں ترک خبرایجنسی سے بات چیت کرتے ہوئے کہا تھا کہ”ہم ابھی بھی آئی ایم ایف پروگرام کے حوالے سے پرامید ہیں کہ اسے منطقی انجام تک پہنچاسکیں گے۔ہمارا نواں جائزہ تمام شرائط وضوابط پوری کریگا اور امید ہے کہ ہمیں اس مہینے کوئی اچھی خبر ملے گی۔“وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے تمام شرائط پوری کردی ہیں۔وزیراعظم نے ترک خبررساں ایجنسی کو بتایا تھا کہ”ان میں سے کچھ اقدامات تو ایسے ہیں جو عام طور پر بورڈ کی منظوری کے بعد لیے جاتے ہیں لیکن اس مرتبہ آئی ایم ایف نے تقاضا کیا تھا کہ یہ اقدامات بورڈ کی منظوری سے پہلے کیے جائیں چنانچہ ہم نے وہ پورے کیے ہیں۔“

## بجٹ 9 جون کو ہی پیش ہوگا

اسلام آباد(نیوز ڈیسک)وزارت خزانہ نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ مالی سال 24 -2023 کا بجٹ 9 جون کو ہی پیش ہوگا جبکہ سالانہ پلان کوآرڈینشن کمیٹی کا اجلاس 2 جون اور قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس 3 جون کو منعقد ہوچکا ہے جس میں بجٹ سے متعلق اہم فیصلے کرلئے گئے۔

## حج وعمرہ کیلئے جانیوالوں پر ٹیکس عائد کرنے کی تجویز

کراچی(نیوز ڈیسک) حکومت کی جانب سے حج، عمرہ اور زیارتوں پر جانے والے مسافروں پر ٹیکس عائد کرنے پر غور کیا جارہا ہے۔تفصیلات کے مطابق یہ ٹیکس نان فائلرز مسافروں پر عائد کیا جائے گا۔اس ٹیکس کا مقصد معیشت کو دستاویز کرنا ہے۔ یہ تجویز ریفارم اینڈ ریونیو موبلائزیشن کمیشن نے بجٹ 2023-24 کے لئے حکومت کو دی ہے۔کمیشن کا کہنا ہے کہ ایک اندازے کے مطابق 2 سے 3 ارب ڈالر سالانہ غیر ملکی سفر پر خرچ کئے جاتے ہیں، خاص طور پر مذہبی دوروں کے لئے۔ایسے افراد جو اپنی ٹیکس کی ذمہ داری پوری نہیں کرتے۔ یہ مسافر اکثر اکانومی کلاس پر پروازوں کا انتخاب کرتے ہیں۔فی الحال ایئر ٹکٹس پر فیڈرل ایکسائز ٹیکس عائد ہے جس میں بزنس کلاس پر یہ شرح زیادہ ہے۔البتہ ڈائریکٹ ٹیکس میں ان افراد کی نشاندہی کرنا مشکل ہے۔لہذا کمیشن نے تجویز دی ہے کہ فعال ٹیکس دہندگان پر 5 فیصد انکم ود ہولڈنگ ٹیکس عائد کیا جائے جبکہ غیر فعال ٹیکس پیئرز کے لئے یہ شرح 20 فیصد کی جائے۔جبکہ اس ٹیکس کی وصولی ہوائی ٹکٹس پر کی جائے۔اس کے ساتھ ساتھ، کمیشن کی تجویز ہے کہ ہوٹلز میں قیام کرنے والے مسافروں سے جو فعال ٹیکس دہندگان ہیں، ان پر 5 فیصد اور غیر فعال ٹیکس دہندگان پر 20 فیصد کی شرح سے ٹیکس وصول کیا جائے۔

## دس ہزار روپے سے زائد کیش لین دین پر پابندی پر غور

کراچی(بزنس ڈیسک)وفاقی حکومت 10 ہزار سے زائد کیش میں لین دین پر پابندی عائد کرنے پر غور کررہی ہے۔اس سے زائد رقم کی ادائیگی ڈیجیٹیل طریقے سے کرنے کو لازم کرنے پر سنجیدگی سے غور کیا جارہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس کا مقصد معیشت کو دستاویز کرنا ہے۔حکومت کو یہ سفارشات ریفارم اینڈ ریونیو موبلائزیشن کمیشن کی جانب سے دی گئی ہیں۔ یہ کمیشن وزیر خزانہ اسحٰق ڈار کی ہدایت پر کام کررہا ہے اس نے اپنی سفارشات وفاقی حکومت کو جمع کروادی ہیں۔کمیشن کے مطابق جہاں کیش میں لین دین اہمیت کا حامل ہے، وہیں ان میں ٹیکس چوری، کرپشن اور منی لانڈرنگ جیسے غیر قانونی کام ہوتے ہیں۔کمیشن نے ریٹیل میں کیش ٹرانزیکشن کرنے والوں پر یہ حد عائد کرنے کی تجویز کی ہے۔کمیشن نے تجویز دی ہے کہ ریٹیل سطح پر 10 ہزار روپے اور فوڈ ریسٹورینٹس پر 5 ہزار روپے سے زائد کیش نہ وصول کرنے کی پابندی عائد کی جائے۔کمیشن کے مطابق ان کیش ادائیگی کے بجائے ڈیبٹ کارڈ/کریڈٹ کارڈ، موبائل فون سے ادائیگی یا دیگر الیکٹرانک ادائیگی کا استعمال کرنا چاہئے۔

## بونس شیئر اور غیر تقسیم شدہ منافع پر بھی 5 فیصد ٹیکس کی تجویز

اسلام آباد(نیوز ڈیسک)فیڈرل بورڈ آف ریونیو(ایف بی آر) نے کمپنیز کے جاری کردہ شیئرز اور غیر تقسیم شدہ منافع پر 5 فیصد ٹیکس عائد کرنے کی سفارش کی ہے، جس کے نتیجے میں فیملی لمیٹڈ کمپنیز پر بوجھ بڑھے گا جبکہ چھوٹے شیئر ہولڈز کو معمولی سا فائدہ پہنچے گا۔ذرائع نے بتایا کہ ایف بی آر ماضی میں لیے گئے دو ایسے اقدامات دوبارہ اٹھانے پر غور کررہا ہے، جو ناگزیز وجوہات کی بنا پر ختم کردیے گئے تھے، ان میں کمپنیز کی جانب سے ڈیویڈنڈ کی بجائے جاری کردہ بونس شیئر پر 5 فیصد ٹیکس عائد کرنا شامل تھا، یہ تجویز منظور ہونے کی صورت میں ایف بی آر ڈیویڈنڈ پر 15 فیصد اور بونس شیئر پر 5 فیصد ٹیکس حاصل کرسکے گا۔ اس سے قبل حکومت 2014 میں یہ ٹیکس عائد کرچکی ہے، اگلے مالی سال کیلیے حکومت 9.2 ٹریلین روپے کا ٹیکس ہدف رکھنے پر غور کررہی ہے، جو ٹیکس نیٹ بڑھانے کے بجائے موجودہ ٹیکس پیئرز سے ہی وصول کرنے کا ہدف ہے۔ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے انکم ٹیکس آرڈیننس کے سیکشن 5A کو بھی ری اسٹور کرنے کی تجویز دی ہے، جو غیر تقسیم شدہ منافع سے متعلق ہے، حکومت غیر تقسیم شدہ منافع پر بھی 5 فیصد انکم ٹیکس نافذ کرنے کا سوچ رہی ہے، یہ تجویز ریفارم کمیشن کی تجویز کا متبادل ہے، جس میں غیر تقسیم شدہ ریزرو پر 5 فیصد سے 7.5 فیصد تک ٹیکس عائد کرنے کی تجویز دی گئی تھی، جو کہ زیادہ جامع تھی۔تاہم تاجر برادری اور ایف بی آر نے اس کی مخالفت کی ہے، اور ایف بی آر نے متبادل کے طور پر سیکشن 5A کو بھی ری اسٹور کرنے کی تجویز دی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# سرمایہ کاروں کیلئے کاروبار دوست بجٹ پیش کیا جائے، ایف پی سی سی آئی

لاہور(بزنس ڈیسک)فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں یونائیٹڈ بزنس گروپ نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے اور تجارتی سرگرمیوں کو تیز کرنے کے لئے کاروبار دوست، برآمدات وترقی پر مبنی اور غریب دوست بجٹ پیش کیا جائے جس میں غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کیلئے منافع بخش مراعات کا پیکج بھی شامل ہو۔ پیر 5 جون کو 20 رکنی تجارتی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین یو بی جی شہزاد علی ملک نے کہا کہ حکومت کو جو تجاویز پیش کی گئی ہیں وہ ان کو آئندہ وفاقی بجٹ میں شامل کرنے کیلئے سنجیدگی سے غور کررہی ہے۔ پرائم منسٹر آفس نے یو بی جی کی تجاویز وزارت خزانہ، وزارت تجارت، ایف بی آر اور دیگر متعلقہ محکموں کو بھیج دی ہیں جو پری بجٹ میٹنگ میں طویل غور و خوص کے بعد مجاز اتھارٹی کی منظوری کے آخری مرحلے میں ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یو بی جی نے تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے ایسی قابل عمل بجٹ تجاویز تیار کی ہیں جو حکومت کو آئندہ بجٹ کے ذریعے معیشت کی بحالی میں مدد فراہم کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ یو بی جی موجودہ ٹیکس دہندگان پر بوجھ کم کرنے، ٹیکس کی بنیاد کو وسیع کرنے اور ٹیکس کلچر کو فروغ دینے کے لیے ملک بھر میں شناخت شدہ لاکھوں غیر ٹیکس دہندگان کو ٹیکس نیٹ میں لانے کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ شہزاد علی ملک نے تمام قابل عمل تجاویز کو آئندہ بجٹ میں شامل کرنے کی یقین دہانی پر حکومت کا شکریہ ادا کیا۔

## وفاقی بجٹ میں پرائز بانڈز پر 5 فیصد اضافی ٹیکس لگانے کی تجویز

اسلام آباد(بزنس ڈیسک)وفاقی بجٹ میں پرائز بانڈز پر 5 فیصد اضافی ٹیکس، ایڈوانس ٹیکس 15 سے بڑھا کر 20 فیصد کرنے کی تجویز ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ وفاقی بجٹ میں پرائز بانڈز پر ایڈوانس ٹیکس 15 سے بڑھا کر 20 فیصد کرنے کی تجویز ہے۔ بجٹ میں شرح منافع پر بھی ٹیکسوں میں 5 فیصد اضافے کی تجویز دی ہے، ود ہولڈنگ ٹیکس بڑھانے سے ٹیکس گزاروں کی تعداد میں اضافہ ہوگا۔

# اوورسیز انویسٹرز چیمبرز آف کامرس کا سپر ٹیکس ختم کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد(نیوز ڈیسک)اوورسیز انویسٹرز چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز نے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں سپر ٹیکس ختم کرنے، تجارت، سروسز اور رئیل اسٹیٹ کے شعبوں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کی تجاویز وزیر خزانہ اسحاق ڈار اور ایف بی آر کی ٹیم کو پیش کردیں۔ او آئی سی سی آئی کے صدر عامر پراچہ نے ٹیکس دہندگان، کاروباری اور تاجر برادری کیساتھ ٹیکس سے متعلق تجاویز کیلئے مشاورت پر حکومت کو سراہا اور کہا کہ اسوقت معیشت دباؤ میں ہے جس سے لارج سکیل مینوفیکچرنگ کی گروتھ بھی بہت نیچے چلی گئی ہے او آئی سی سی آئی نے اپنی تجاویز میں سپر ٹیکس کو ختم کرنے کا مطالبہ کیا اور کہا اس صورتحال میں کوئی نیا ٹیکس عائد نہ کیا جائے کیونکہ اس سے صنعتی شعبہ کی گروتھ مزید تنزلی کی جانب جا سکتی ہے ٹیکس نیٹ میں اضافے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔

# ڈالر پر ناجائز منافع کمانے والے بینکوں کیخلاف کارروائی کی منظوری مل گئی، ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک

اسلام آباد(بزنس ڈیسک) سینٹ قائمہ کمیٹی خزانہ کو ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک نے بتایا کہ ڈالر پر غیر قانونی اور ناجائز منافع کمانے والے بینکوں کے خلاف کارروائی کی وزارت خزانہ نے منظوری دے دی ہے اور مذکورہ بینکوں کے خلاف انفورسمنٹ کارروائی کی ہدایت کی گئی ہے، بینکوں کو جرمانہ یا دیگر مالیاتی سزا دی جا سکتی ہے، بینکوں پر قانون کی کوئی خلاف ورزی ثابت نہیں ہوئی تاہم بینکوں نے غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کیا اور درآمد کنندگان سے ڈالر کا زیادہ ریٹ لیے جانے کے اقدام پر کوئی ایکشن نہیں لیا اور نہ اس کو روکنے کی کوشش کی، اسٹیٹ بینک نے بینکوں کے خلاف انکوائری اور انسپکشن مکمل کی اور شوکاز نوٹس جاری کیے، بینکوں نے الزامات کو قبول نہیں کیا لیکن اسٹیٹ بینک کا موقف ہے کہ بینکوں کو اس معاملے کو موثر انداز سے نمٹنا چاہیے تھا، کمیٹی نے بینکوں کے خلاف کی جانیوالی کارروائی کی رپورٹ طلب کر لی، وزیر مملکت عائشہ غوث پاشا نے کہا کہ 90 لاکھ سے زائد پاکستانی کرپٹو کرنسی کے کاروبار سے منسلک، اس کاروبار کو قانونی نہیں کیا جا سکتا، قائمہ کمیٹی کا اجلاس سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت ہوا، کمیٹی کو کرپٹو کرنسی سے متعلق تفصیلی پریزنٹیشن دی گئی اور کمیٹی کو بتایا گیا کہ پاکستان میں 90 لاکھ سے زائد افراد کرپٹو کرنسی کے کاروبار سے منسلک ہیں اور اس کا لین دین 20 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے اور یہ سارا کاروبار ٹیکس نیٹ سے باہر ہے اور کسی کنٹرول اور ریگولیشن میں نہیں، اسٹیٹ بینک حکام نے کہا کہ یہ سب اندازے کی بنیاد پر کہا جارہا ہے۔

# ٹیکس بڑھانے کا مطالبہ: آئی ایم ایف اور پاکستان میں اختلاف برقرار

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) آئی ایم ایف اور پاکستان کے درمیان معاہدے کے حوالے سے اختلافات برقرار ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ عالمی مالیاتی ادارہ پاکستان سے ٹیکس ہدف بڑھانے کا مطالبہ کر رہا ہے۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق عالمی مالیاتی فنڈ اور پاکستان کے مابین نئے مالی سال کے وفاقی بجٹ میں ٹیکس اہداف کے حوالے سے تخمینوں پر اختلافات برقرار ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان اور آئی ایم ایف کے مابین قرض پروگرام کی بحالی پر ڈیڈ لاک برقرار ہے، تاہم حکومت 30 جون تک اسٹاف لیول کے معاہدے کے لیے پرامید ہے۔ آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس 14 جون تک شیڈول کر دیا گیا ہے اور اسٹاف لیول کا معاہدہ تاحال نہ ہونے کے باعث پاکستان کا معاملہ شیڈول میں شامل نہیں ہے۔ رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ آئی ایم ایف ٹیکس ہدف 9800 ارب روپے تک لے جانے پر زور دے رہا ہے جب کہ وزارت خزانہ کی جانب سے سالانہ ٹیکس ہدف 9200 ارب روپے مقرر کرنے کی تجویز ہے۔

## شپنگ چارجز میں کمی کا رجحان

کراچی(پیپر بزنس نیوز)مارکیٹ ذرائع نے بتایا ہے کہ شپنگ کمپنیز کی جانب سے فریٹ چارجز میں نمایاں کمی دیکھی جارہی ہے۔ بلک فریٹ جو ایک سال پہلے 37-35 ڈالر ٹن تک پہنچ گیا تھا اب 17 ڈالر فی ٹن پر آگیا ہے



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ایوان صدر کو پیپر و اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 جون 2023ء

برائے رابطہ: ایوان صدر سیکریٹریٹ (پرسنل)، ڈاک ونڈو، اسلام آباد۔

فون: 051-9206065

# اسٹیٹ لائف کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: SLIC/PO/12/2023

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 19 جون 2023ء

برائے رابطہ: ڈپٹی جنرل منیجر، جنرل سروسز ڈپارٹمنٹ، دوسری منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر۔9، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، کراچی۔

فون: 021-99204521

# IESCO کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 255

الیکٹرک سٹی بل فارمز اور دیگر میٹریل کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 جون 2023ء

برائے رابطہ: چیف انجینئر (ایم ایم)، اسلام آباد، الیکٹرک سپلائی کمپنی، ہیڈ آفس، اسلام آباد۔

# ایئر یونیورسٹی اسلام آباد کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 جون 2023ء

برائے رابطہ: ڈپارٹمنٹ ایڈمن اینڈ سپورٹ، سیکٹر E-9، اسلام آباد۔

فون: 051-9153232 EXT:246

# کوہسار یونیورسٹی مری کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

امتحانی میٹریل اور آنسر شیٹس کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 جون 2023ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ آفیسر، ایڈمن بلاک، جھیکا گلی، 47150، مری۔

فون: 051-9269177

# یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: UE/73

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 جون 2023ء

برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، کالج روڈ ٹاؤن شپ، لاہور۔

فون: 042-99262230

# یونیورسٹی آف انجینئرنگ ٹیکسلا کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 20/2023

پراسپیکٹس انڈر گریجویٹ، تعداد: 1500 کاپی

انڈر گریجویٹ رول بک، تعداد: 1500 بک




ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 جون 2023ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر پروکیورمنٹ آفس، ٹیکسلا۔

فون: 051-9047477

# پاکستان نیوی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: PNS Bahadur/Stationery/01/2023

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 19 جون 2023ء

برائے رابطہ: آفیسر انچارج، اسٹیشنری، پی این ایس بہادر، نیشنل اسٹیڈیم روڈ، کراچی۔

فون: 021-48503316

# راولپنڈی انٹرمیڈیٹ بورڈ کا پیپر کا ٹینڈر

لوکل آفسیٹ پیپر پی پی اے یا مساوی، A3 سائز، 80 گرام، تعداد: 300 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 جون 2023ء

برائے رابطہ: اسٹور برانچ، راولپنڈی۔

فون: 051-5450930

# ویلفیئر ونگ پنجاب کو پیپر درکار

کمپیوٹر پیپر، A4 سائز، 80 گرام، ڈبل اے یا مساوی، تعداد: 2000 ریم

کمپیوٹر پیپر، لیگل سائز، 80 گرام، ڈبل اے یا مساوی، تعداد: 2000 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 22 جون 2023ء

برائے رابطہ: سیکشن آفیسر، (ویلفیئر۔1)، سروسز اینڈ جنرل سروسز ڈپارٹمنٹ، پنجاب سول سیکریٹریٹ، لاہور۔

فون: 042-99212464

# یونیورسٹی آف ایگریکلچر کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 69/2023

آفسیٹ پیپر، سائز 23x36، 80 گرام، تعداد: 35 ریم

آرٹ پیپر، سائز 23x36، 128 گرام، تعداد: 13 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 جون 2023ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آف پروکیورمنٹ اینڈ انونٹری کنٹرول، فیصل آباد۔

فون: 041-9200898-9200161 EXT:3503-3504

# کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: CM/MS/KMC/S&P/37/21/2022-23

کمپیوٹر پیپر سائز 11x15، برائے ویلفیئر ڈپارٹمنٹ، تعداد: 85 بکس

کمپیوٹر پیپر سائز 11x15، برائے کمپیوٹر سیکشن، تعداد: 25 بکس

کمپیوٹر پیپر سائز 11x15، برائے پے رول ڈپارٹمنٹ، تعداد: 60 بکس

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 جون 2023ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر (کنٹریکٹ مینجمنٹ) آفس، میونسپل سروسز ڈپارٹمنٹ، دوسری منزل، کمرہ نمبر 19، مین کے ایم سی بلڈنگ، ایم اے جناح روڈ، کراچی۔ فون: 021-99215795

# سندھ انٹیگریٹڈ ایمرجنسی کو پرنٹڈ اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 83-2023

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 جون 2023ء

برائے رابطہ: سپلائی چین ڈپارٹمنٹ، پلاٹ نمبر 43-15/K، بلاک۔6، پی ای سی ایچ ایس، کراچی۔

فون: 111-111-823 EXT:2022

# واٹر اینڈ سینی ٹیشن ایجنسی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: LPW#1275

بل فارمز، A4 سائز، کی پرنٹنگ اور سپلائی

تعداد: 960 باکس۔ فی باکس 4500 بل فارم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 جون 2023ء

برائے رابطہ: آفس ڈپٹی ڈائریکٹر (پروکیورمنٹ اینڈ اسٹور ڈویژن)، WASA، فیصل آباد۔

# کنٹرولر ملٹری اکاؤنٹس کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 300 ریم

پیپر لیگل F4 سائز، 80 گرام، 100 ریم

کمپیوٹر پیپر پارٹ I, II & VI۔ اسٹیشنری آئٹمز۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 جون 2023ء

برائے رابطہ: ایڈمن سیکشن آفس، سی ایم کمپلیکس، لاہور۔

فون: 042-99220361



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ایف بی آر نے کارگو کی ٹریکنگ اور مانیٹرنگ رولز جاری کر دیئے

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے مختلف قسم کے کارگو کی ٹریکنگ اور نگرانی کے لیے قوانین کا مسودہ جاری کیا۔ ان اصولوں کا مقصد پورے سفر میں کارگو کی ریئل ٹائم ٹریکنگ



گوانگ زو چائنا میں منعقد ہونے والے 18 ویں بین الاقوامی پلپ اینڈ پیپر ایکسپورٹ کا دورہ کرنے والے وفد کے سربراہ خامس سعید بٹ صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کاشف انور کو گوانگ ڈونگ پیپر ایسوسی ایشن کی جانب سے دیا جانے والا تحفہ پیش کر رہے ہیں

اور نگرانی کو یقینی بنانا ہے۔ اس سلسلے میں ایف بی آر کی جانب سے ایس آر او 659 جاری کر دیا گیا ہے، جس میں قواعد کو حتمی شکل دینے سے پہلے تجاویز، سفارشات اور اعتراضات طلب کیے گئے ہیں۔ ایف بی آر کے مطابق کسی بھی کمپنی کو اس وقت تک کارگو کی ٹریکنگ اور مانیٹرنگ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی جب تک اس نے ان قوانین کے تحت لائسنس حاصل نہ کیا ہو۔ مزید برآں، لائسنس ہولڈرز کو کسی بھی ٹیلی کمیونیکیشن سسٹم کو قائم کرنے یا کوئی ایسی ٹیلی کمیونیکیشن سروس فراہم کرنے سے سختی سے منع کیا گیا ہے جو پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کے جاری کردہ لائسنس کے تحت مجاز نہیں ہے، لائسنسنگ کمیٹی ان قوانین کے نفاذ کی نگرانی کے لیے ذمہ دار ہوگی اور دفعات کے مطابق کام کرے گی۔ لائسنسنگ کمیٹی کا کنوینر کراچی میں مقیم ڈائریکٹر آف ٹرانزٹ ٹریڈ ہے، اور اس کا ہیڈ کوارٹر ڈائریکٹوریٹ جنزل آف ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی میں واقع ہوگا۔ ڈائریکٹوریٹ آف ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی، لائسنسنگ کمیٹی کے کام کے لیے درکار ضروری سیکریٹری اور انتظامی معاونت فراہم کرے گا۔ کمیٹی اپنی موثر کارروائی کو یقینی بنانے کے لیے قواعد کے مطابق طریقہ کار وضع کرے گی۔ کسی بھی لائسنس یافتہ ٹریکنگ اینڈ مانیٹرنگ کمپنی کی جانب سے پروجیکٹ ڈائریکٹر کے جاری کردہ حکم کے خلاف اپیل دائر کرنے کی صورت میں، چیف کلکٹر، انفورسمنٹ (ساؤتھ)، کراچی، اپیل اتھارٹی کے طور پر کام کریں گے۔ اپیل آرڈر کے اجراء کے 30 دنوں کے اندر جمع کرانی ہوگی۔ لائسنس کی منظوری کے لیے درخواست کے بارے میں ایف بی آر نے واضح کر دیا ہے۔ درخواست کے ساتھ مختلف ضروری دستاویزات ہونی چاہئیں، جن میں کمپنی کا جامع پروفائل، انتظامی اور تکنیکی عملے کے بارے میں معلومات، موجودہ ملازمین، بڑے گاہکوں کی فہرست، گاڑیوں اور کنٹینرز کی ٹریکنگ اور نگرانی میں متعلقہ تجربے کے ثبوت، سرگرمیاں اور پروجیکٹس کی تفصیلات مہیا کی جائے گی اور موجودہ پروجیکٹ کی حیثیت کے بارے میں معلومات، پی ٹی اے سے حاصل کردہ ملک بھر میں ایک درست لائسنس، کارپوریشن سرٹیفکیٹ، نیشنل ٹیکس نمبر سرٹیفکیٹ، پچھلے تین مالی سالوں کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، پچھلے تین سالوں کے انکم ٹیکس گوشوارے، اگر ضرورت ہو تو سیلز ٹیکس ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ رجسٹریشن، کمپنی کے ڈائریکٹرز کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز، کمپنی کو بلیک لسٹ نہیں کیا گیا ہے اور مالیاتی دھوکہ دہی کے تصدیق شدہ معاملات میں اس کا کوئی ملوث نہیں ہے، اور فیس کا اعلان اور چارجز کمپنی لائسنس کی مدت کے دوران درآمد کنندگان، برآمد کنندگان، کیریئرز، اور ٹرانسپورٹ آپریٹرز سے جمع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ ایف بی آر کا مقصد کارگو کی ٹریکنگ اور نگرانی کے لیے ایک مضبوط فریم ورک قائم کرنا ہے، ضابطوں کی تعمیل اور عمل میں شفافیت کو یقینی بنانا ہے۔ اسٹیک ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ مسودے کے قواعد کا جائزہ لیں اور ان ضوابط کو حتمی شکل دینے کے لیے اپنا قیمتی ان پٹ فراہم کریں۔

## نادرا کا کراچی میں بائیکر سروس متعارف کرانے کا فیصلہ

کراچی (نیوز ڈیسک) نادرا نے عوام کی آسانی کیلئے شہر میں بائیکر سروس شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا جس کے ذریعے قومی شناختی کارڈ کی تجدید سمیت دیگر سہولتیں گھر بیٹھے مہیا کی جائیں گی۔ معلوم ہوا ہے کہ اسلام آباد کے بعد کراچی میں بھی نادرا بائیکر سروس شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، سہولت سے استفادہ کرنے والے شہریوں کے انگوٹھوں کی تصدیق، تصویر سمیت دیگر مراحل سائل کے گھر پر مکمل کئے جائیں گے، قومی شناختی کارڈ پرنٹ ہونے کے بعد شہریوں کے گھر پر نادرا بائیکرز کی جانب سے ڈیلیور کیا جائے گا، کراچی میں بائیکر سہولت کی تیاریاں آخری مراحل میں داخل ہوگئی ہیں جس پر جلد عملدرآمد شروع کیا جائے گا۔



گزشتہ دنوں بزنس مین گروپ لاہور پیپر مارکیٹ کا ایک اجلاس خامس سعید بٹ کی صدارت میں باؤ پلازہ میں منعقد ہوا جس میں گوانگ زو کا دورہ کرنے والے وفد نے تفصیلات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر سابق سینئر وائس چیئرمین باؤ محمد بشیر، چیئرمین اپیما ملک احد امین بھی موجود ہیں

## پاکستان معاشی بھنور سے نکل آئے گا، اسحاق ڈار

